AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 25-10-2026
Time : 12:30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین۔

پی ایم من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ماہانہ ریڈیو پروگرام ''من کی بات'' کے ذریعے ملک اور بیرونِ ملک سامعین کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

وزیر اعظم نے کئی موضوعات کی اہمیت اجاگر کی۔ وزیر اعظم نے جن موضوعات پر بات کی ان میں آرگنک فارمنگ، دستکاروں کی مصنوعات، معیار اور پیکیجنگ، تہواروں میں سوچھتا کا خیال اور ووکل فار لوکل جیسے مدعے شامل تھے۔ انہوں نے بھانس سے تیار کردہ پیکیجنگ میٹریئل پر بھی بات کی جس کے لئے بھارت کو جاپان کی طرف سے بہترین ڈیزائننگ کا ایوارڈ بھی حاصل ہوا۔

وزیر اعظم نے اپنے پروگرام میں ٹیکنالوجی کی اہمیت اور استعمال پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے طبی شعبے سے جڑے ای۔سنجیونی اور برین امیجنگ جیسے دو نئے اور اہم موضوعات کو بھی اجاگر کیا۔

-------PM---------

وزیر اعظم نے آنے والے دنوں میں منائی جارہی کئی اہم شخصیات کی جینتی کا بھی ذکر کیا جن میں فادر آف فائیبر آپٹکس ڈاکٹر نریندر سنگھ کپانی، سردار ولبھ بھائی پٹیل، مہاریشی والمکی، بھائی پرمانند شامل ہیں۔

آخر پر وزیر اعظم نے لوگوں کو آنے والے تہواروں کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان تہواروں میں سوچھتا کا خیال رکھنے کی تاکید کی۔

کشمیر میراتھن

کشمیر میراتھن کا تیسرا ایڈیشن آج سری نگر میں منعقد ہوا جس میں مقامی، ملکی اور غیر ملکی رنرس نے حصہ لیا۔ یہ میراتھن دو زمروں پر مشتمل تھا جس میں پہلے زمرے میں 21 کلومیٹر جبکہ دوسرے زمرے میں 42 کلومیٹر کی مسافت طے کرنا تھی۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا میراتھن میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے اتھلیٹس میں انعامات تقسیم

کرر ہے ہیں۔ اس میراتھن کو آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پولو گراؤنڈ سرینگر سے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا تھا۔ میراتھن کے احسن انعقاد کے لیے سکیورٹی سمیت تمام ضروری انتظامات کئے گئے تھے۔

عمرہ زائرین

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے جموں کشمیر سرکار سعودی عرب میں درماندہ جموں وکشمیر کے عمرہ زائرین کی محفوظ اور جلد از جلد واپسی کیلئے مرکزی وزارت خارجہ کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس تعلق سے تمام لازمی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے زائرین اور ان کے اہل خانہ کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

اس بیچ ائرلائن آپریٹر انڈیگو نے سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر سعودی عرب کے چار شہروں کیلئے اپنی تمام پروازیں **31** اکتوبر تک منسوخ کی ہیں۔

ایک شوشل میڈیا پوسٹ میں انڈیگو نے کہا کہ رواں مہینے کی آخر تک ریاض، جدہ، دمام اور مدینہ منورہ کیلئے دوطرفہ پروازوں کا سلسلہ معطل رہے گا۔

گریز

ایم ایل اے گریز نذیر احمد خان نے وادی گریز میں موسم سرما کے دوران برفباری سے متاثرہ علاقوں میں ضروری اشیاء، ادویات اور ایندھن کے وافر ذخائر یقینی بنانے کی متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے۔

ڈاک بنگلہ داور میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے موسمِ سرما کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے برف ہٹانے، سڑک رابطے کی بحالی، بجلی و پانی کی بلاتعطل فراہمی اور طبی سہولیات برقرار رکھنے پر زور دیا۔ انہوں نے برف ہٹانے والی مشینوں کی دستیابی اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے محکموں کے درمیان بہتر تال میل کی ہدایت بھی دی۔

گاندربل ڈی سی

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل شریا سنگھل نے کہا ہے کہ ضلع انتظامیہ عوام کے مسائل حل کرنے اور سرکاری خدمات ان کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے پُرعزم ہے۔

وہ کنگن میں عوامی رابطہ پروگرام کی صدارت کر رہی تھیں، جس دوران لوگوں نے بنیادی سہولیات اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق مسائل اجاگر کئے۔ اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ عوامی شکایات کا فوری ازالہ بغیر کوتاہی کے یقینی بنایا جائے۔

رمیش کمار

دیہی ترقیاتی محکمہ کے سیکریٹری رمیش کمار نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ کاموں کی تکمیل میں تیزی لانے کے ساتھ مالی شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے۔ وہ ہمہامہ بڈگام کے پنچایت بھون میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران مختلف ترقیاتی اسکیموں، زیر التوا واجبات اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

سیکریٹری موصوف نے بے ضابطگیوں یا زائد ادائیگیوں کی نشاندہی پر قواعد کے مطابق ریکوری شروع کرنے کی بھی ہدایت دی۔

مشک بدج

وادیٔ کشمیر کے مشہور خوشبودار چاول 'مشک بدُ جی' کو نئی دہلی میں منعقدہ بھارت بین الاقوامی چاول کانفرنس کے دوران نمایاں طور پر پیش کیا گیا۔ اس موقعہ پر روایتی چاول کی اس قسم کے تحفظ کے لیے کوششیں کرنے والے کسان ظفر احمد بٹ کو اعزاز سے نوازا گیا۔

اننت ناگ ضلع کا ساگام علاقہ مشک بدُ جی کی کاشت کے ایک اہم مرکز کے طور پر معروف ہے۔

مشک بدُ جی کو 2023 میں GI ٹیگ دیا گیا تھا، جس سے اس کی علاقائی شناخت اور روایتی اہمیت کو تسلیم کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ